**25.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے تل ابیب میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ بات چیت کی۔ دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

☆ وزیر اعظم مودی، اسرائیل کی پارلیمنٹ سے خطاب کر رہے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے نئی دلّی میں بھارت–اسرائیل آزاد تجارتی معاہدے کے سلسلے میں اسرائیلی وفد کے ساتھ بات چیت کی۔

☆ ہاکی میں بھارت نے مردوں کے FIH پرو لیگ کے ہوبارٹ مرحلے کے اختتام پر آسٹریلیا کو شوٹ آؤٹ میں تین–ایک سے ہرایا۔

☆ اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولمبو میں نیوزی لینڈ اور سری لنکا کے درمیان سپُر 8 مرحلے کا میچ کھیلا جا رہا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**New PM Israel Arrival**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اسرائیل کے شہر تل ابیب میں اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ بالمشافہ بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ اُن کی میٹنگ نہایت خوشگوار رہی۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور اِسے مزید وسعت دینے کیلئے مختلف امور پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔بات چیت کے دوران ٹیکنالوجی، آبی وسائل کے بندوبست، زراعت، انسانی وسائل کے فروغ جیسے شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اِس کے علاوہ اُن شعبوں کے بارے میں بات کی گئی، جہاں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ خطے کے موجودہ حالات و واقعات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ گزشتہ 9برسوں میں وزیر اعظم مودی کا یہ اسرائیل کا دوسرا دورہ ہے۔ اس سے قبل وہ آج دو روزہ دورے پر تل ابیب پہنچے جہاں ان کا باضابطہ استقبال کیا گیا۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے اپنی اہلیہ سارہ نیتن یاہو کے ہمراہ ہوائی اڈے پر ان کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔x

**PM Israel Address**

وزیر اعظم نریندر مودی یروشلم میں اسرائیل کی پارلیمنٹ Knesset سے خطاب کر رہے ہیں۔

S/B: Prime Minster

**BJP Congress**

مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر رہنما پیوش گوئل نے کانگریس لیڈر راہل گاندھی پر قومی مفادات سے سمجھوتہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ گاندھی خاندان اور کانگریس پارٹی ملک کے مفادات کو خطرے میں ڈال رہی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ وہ، وزیر اعظم نریندر مودی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور عالمی سطح پر بھارت کی مضبوط حیثیت کو برداشت نہیں کر پا رہے ہیں۔ جناب پیوش گوئل نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی کی تاریخ میں غیر ملکی طاقتوں کے اثر و رسوخ میں آ کر قومی اور عوامی مفادات سے سمجھوتہ کرنا شامل رہا ہے۔x

**Bhupender Summit**

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے آج کہا کہ بھارت، چار اسٹریٹجک ستونوں پر منظم اصلاحات کو آگے بڑھا رہا ہے، جن میں توانائی کی ترسیل، پائیدار اقتصادی تبدیلی، فطرت پر مبنی حل اور ڈیجیٹل ماحولیاتی گورننس شامل ہیں۔ نئی دلّی میں دی انرجی اینڈ ریسورسز انسٹی ٹیوٹ TERI کے عالمی پائیدار ترقیاتی سمٹ WSDS کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ بھارت کا ہدف، 2030 تک 500 گیگا واٹ غیر زیرِ زمین توانائی کی صلاحیت حاصل کرنا، 2005 کی سطح کے مقابلے میں گرین ہاؤس گیس کے اخراج کی شدت میں 45فیصد کمی لانا، قومی گرین ہائیڈروجن مشن کو آگے بڑھانا اور ماحولیات کیلئے ساز گار صنعتیں قائم کرنا ہے۔یہ تین روزہ سمٹ WSDS کا 25واں ایڈیشن ہے۔ اس سال سمٹ کا موضوع ہے :"یکسر تبدیلیاں : پائیدار ترقی کیلئے وژن، Voices اور اقدار۔x

**Rajnath IFS Officers**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج آتم نربھر بھارت وژن کے تحت مقامی پیداوار اور برآمدات کیلئے ملک میں ہی تیار کردہ دفاعی صنعت کی صلاحیت کی توسیع کیلئے سرکار کے عزم اور اس سلسلے میں بھارتی سفارتکاروں کے اہم رول کو اجاگر کیا۔ نئی دلّی کے ساؤتھ بلاک میں Indian Foreign Service کے زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت نے تمام شعبوں میں دفاعی سازوسامان کے اہم درآمدکار ملک سے مینوفیکچرر اور برآمدکار ملک کے طور پر ایک طویل سفر طے کیا ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ عالمی برادری بھارت کے ترقی کے سفرنامے کو بغور دیکھ رہی ہے اور اس کے قائدانہ رول پر نظر رکھے ہوئے ہے۔x

## Scindia TRAI Foundation Day

مواصلات کے وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے آج ٹیلی مواصلات کے شعبے میں درست ضابطہ جاتی حفاظتی اقدامات نافذ کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ شفافیت اور عوامی مفاد کو برقرار رکھتے ہوئے اختراع کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس لیے ضروری ہے کیونکہ 4G، 5G، 6G اور مصنوعی ذہانت جیسی نئی ٹیکنالوجیز، مواصلاتی منظرنامے کو بدل رہی ہیں۔نئی دہلی میں بھارت کی ٹیلی مواصلات سے متعلق انضباطی اتھارٹی TRAI کے یومِ تاسیس پر جاری ایک ویڈیو پیغام میں وزیر موصوف نے اتھارٹی کے رول کو اجاگر کرتے ہوئے اِسے ایک بنیادی ادارہ قرار دیا جو ملک کے مواصلاتی نظام میں انصاف، مساوات اور برابری کو یقینی بناتا ہے۔

اس موقع پر ٹرائی کے چیئرمین انل کمار لاہوتی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، 5G اور مستقبل کے 6G نیٹ ورکس جیسی ٹیکنالوجیز نیٹ ورک کے ڈھانچے اور خدمات کی فراہمی کے طریقوں کو ازسرِ نو تشکیل دے رہی ہیں۔ x

## Shivraj Singh Ayodhaya

زراعت اور دیہی ترقیات کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج مربوط کاشتکاری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بیجوں کی نئی اقسام اور بہ یک وقت کئی فصلوں کی کاشت کے ذریعے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ، سرکار کی اوّلین ترجیح ہے۔ اترپردیش کے ایودھیا میں رام للہ مندر اور ہنومان گڑھی میں درشن اور پوجا کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔ جناب چوہان نے کہا کہ سرکار کا مقصد ملک کیلئے خوراک کا تحفظ ہے اور کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ہر شخص کیلئے غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔x

## Chhattisgarh Maoists Surrender

چھتیس گڑھ کے Kanker ضلع میں شمالی بستر ڈویژن کمیٹی کے ماؤ نواز کمانڈر Mailesh اور کمیٹی رکن رانو Podiyam نے آج پولیس کے سامنے خودسپردگی کی۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، نِکھل Rakhecha نے بتایا کہ Mailesh نے Chhotebethiya کیمپ میں ایک AK-47رائفل سمیت کئی ہتھیار ڈال دیئے۔ وہ کافی عرصے سے Kanker اور نارائن پور ضلع میں سرگرم تھا۔x

## Railways Cyber Frauds

ریلوے کی وزارت نے پنشن پانے والے افراد کو ساتمر افراد سے خبردار کیا ہے اور اُن پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے دھوکہ بازوں سے خبردار رہیں، جو ریلوے افسران بن کر فون کرتے ہیں۔ریلوے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کچھ ساتمر دھوکے باز ریلوے کے افسران کا نام بتا کر فون اور SMS کرتے ہیں۔بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ دھوکے بازPPO Updates، KYC Verification اور پنشن سے متعلق اضافی فائدے پہنچانے کے نام پر ذاتی اور معاشی تفصیلات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ریلوے نے یہ واضح کیا ہے کہ وہ PPO اپ ڈیٹ یا کسی بھی سروس ریکارڈ سے متعلق کوئی SMS نہیں بھیجتی ہے۔x

## ECI SEC Declaration

بھارت کے انتخابی کمیشن اور ریاستی چناؤ کمشنرز، پارلیمنٹ اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کے پنچایت اور بلدیاتی اداروں سے متعلق قوانین میں ہم آہنگی لانے کیلئے مل کر کام کریں گے۔کل نئی دلّی میں بھارت کے انتخابی کمیشن اور ریاستی چناؤ کمشنروں کی قومی گول میز کانفرنس کے دوران متفقہ طور پر منظور کئے گئے قومی اعلامیہ 2026 میں یہ بات کہی گئی۔ تمام ریاستی چناؤ کمشنروں نے قومی اعلامیہ 2026 کو اپنانے کا عزم کیا۔x

## Poducherry Elections EC Review

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے آج کہا کہ آئندہ پڈوچیری اسمبلی انتخابات میں ووٹروں کو نقد رقم یا مفت اشیاء دے کر متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کے خلاف الیکشن کمیشن، سخت کارروائی کرے گا۔ پڈوچیری میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ تنفیذی اداروں کو ایسی بدعنوانیوں کی روک تھام اور انتخابات کو آزادانہ منصفانہ اور شفاف بنانے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ انھوں نے یقین دہانی کرائی کہ انتخابی فہرست مکمل ہے اور کوئی بھی اہل ووٹر اس سے خارج نہیں کیا گیا ہے۔×

**V/C- BIBIN S NATH PUDUCHERRY**

آئندہ انتخابات میں متعارف کرائی جانے والی سہولتوں کی تفصیل بتاتے ہوئے گیانیش کمار نے کہا کہ پہلی مرتبہ پولنگ اسٹیشنوں کے باہر موبائل جمع کرنے کے کاؤنٹر قائم کیے جائیں گے اور بیلٹ یونٹس پر امیدواروں کی رنگین تصاویر بھی آویزاں کی جائیں گی۔انھوں نے مزید کہا کہ شفافیت کو مزید بہتر بنانے کیلئے پڈوچیری کے تمام ایک ہزار 99پولنگ اسٹیشنوں پر ویب کاسٹنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ہر پولنگ اسٹیشن پر پینے کے صاف پانی اور بیت الخلا جیسی بنیادی سہولتیں بھی مہیا کی جائیں گی۔الیکشن کمیشن کی جانب سے ٹیکنالوجی کے استعمال کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مربوط ECINet ایپلی کیشن کے ذریعے ووٹروں کو اہم خدمات، امیدواروں سے متعلق معلومات اور انتخابی عمل سے وابستہ بروقت ڈیٹا فراہم کیا جائے گا۔اس سے قبل چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمشنرز سُکھبیر سنگھ سَندھو اور وویک جوشی کے ہمراہ چیف الیکٹورل آفیسر، چیف سکریٹری، ضلعی الیکشن افسران، سینئر پولیس حکام اور مختلف تنفیذی اداروں کے سربراہان کے ساتھ تفصیلی جائزہ اجلاس منعقد کیے۔

پڈوچیری سے ببن ایس ناتھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شاہد حبیب

## Gujarat Kutch PM Shri Schoold

گجرات میں مرکزی حکومت کی امنگوں والی اسکیم پی ایم شری یعنی پی ایم اسکولز فار رائزنگ انڈیا کے تحت سرحدی ضلع کچھ میں 18 نئے اسکولوں کی منظوری دی گئی ہے۔ یہ اسکول اگلے تعلیمی سال سے کام کاج شروع کر دیں گے اور انہیں ماڈل اداروں کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ اس وقت ضلع کے 16اسکول، مرکزی حکومت سے مالی مدد حاصل کر رہے ہیں، جبکہ نئے منظور شدہ 18اسکولوں کو ریاستی حکومت کی جانب سے مالی مدد فراہم کی جائے گی۔
اِس اسکیم کا مقصد ہر تعلقہ میں کم سے کم دو پی ایم شری اسکول قائم کرنا ہے۔x

**PM Award Yoga**

آیوش کی وزارت نے یوگ 2026 کے وزیر اعظم کے انعامات کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں، جس کا مقصد اِس شعبے میں وسیع پیمانے پر شمولیت، اختراع اور لیڈرشپ کو فروغ دینا ہے۔ آیوش کی وزارت نے مطلع کیا کہ یہ انعامات دو زمروں میں دئے جاتے ہیں ایک انفرادی طور پر اور دوسرا اداروں کو۔ انعام پانے والے ہر شخص کو ایک ٹرافی، سرٹیفکیٹ اور 25 لاکھ روپے کا نقد انعام دیا جائے گا۔ ×

**Culture Ministry MoU**

وزارتِ ثقافت اور فیڈریشن آف انڈین چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری FICCI نے آج ملک کی ثقافتی اور تخلیقی معیشت کیلئے ایک جامع حکمت عملی تیار کرنے کی خاطر ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ یہ سمجھوتہ، ثقافت کو اقتصادی خوشحالی کی بنیاد بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ x

**Iran US Nuclear Talks**

ایران نے جمعرات کو جنیوا میں ہونے والی اعلیٰ سطحی نیوکلیائی مذاکرات سے قبل امریکی دباؤ کے ہتھکنڈوں کو سختی سے مسترد کردیا ہے۔ حکام سفارتی معاہدے تک پہنچنے کے امکان کے بارے میں انحراف اور محتاط امید کے درمیان تذبذب کا شکار ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان لفظی جنگ اس وقت سامنے آئی جب واشنگٹن نے مغربی ایشیا میں دہائیوں میں اپنی سب سے بڑی فوج کو جمع کیا ہے، جس میں طاقت کے ایک مظاہرے کے طور پر طیاروں اور جنگی جہازوں کی تعیناتی کی گئی ہے۔ سیٹلائٹ کی تصاویر میں امریکی بحریہ کے جہاز دیکھے جارہے ہیں، جو عموماً بحرین میں تعینات ہوتے ہیں، جہاں بحریہ کے پانچویں بحری بیڑے کا ہیڈکوارٹر ہے، جس نے سمندر میں دوبارہ اپنی پوزیشن لے لی ہے۔ٹرمپ مذاکرات ٹوٹنے کی صورت میں بارہا ایران کے خلاف فوجی کارروائی کی دھمکی دے چکے ہیں۔ یہ ایک انتباہ ہے جس نے اسرائیل اور حماس کے درمیان پیدا ہونے والے تنازعہ کی وجہ سے ابھی تک غیر حل شدہ خطے میں بے چینی کو مزید گہرا کردیا ہے۔ ایران نے اس کے جواب میں خطے میں تمام امریکی فوجی تنصیبات کو منصفانہ اہداف قرار دیتے ہوئے وہاں تعینات دسیوں ہزار امریکی فوجیوں کیلئے خطرہ بڑھا دیا ہے۔

تہران کے دباؤ میں اضافہ کرتے ہوئے، گزشتہ ماہ ملک گیر مظاہروں کی لہر کے بعد ملک نمایاں گھریلو بدامنی سے دو چار ہے۔x

**Balochistan Violence**

بلوچستان میں ایک سرکردہ انسانی حقوق تنظیم نے آج مطلع کیا کہ پاکستانی فورسز کے ذریعے مبینہ طور پر صوبے بھر میں دو شہریوں کو عدالتی کارروائی کے بغیر قتل اور پانچ دیگر افراد کو لاپتہ کردیا گیا۔ بلوچ قومی تحریک کے انسانی حقوق کے محکمے Pank نے اِس واقعے کا ذکر کرتے ہوئے بلوچ شہریوں کے خلاف ہونے والے مظالم کو

اجاگر کیا۔ اِس دوران بلوچستان کے انسانی حقوق کے کونسل HRCB نے پاکستان بھر میں بلوچ طلبا کے خلاف ہراسانی کے واقعات، نسلی بنیادوں پر جانچ پڑتال، امتیازی سلوک اور دھمکیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ HRCB نے آزادانہ تحقیقات، جواب دہی اور پاکستان بھر میں بلوچ طلبا کی حفاظت اور ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔x

## IMD WEATHERs

بھارتی محکمۂ موسمیات (IMD) نے کل کیلئے جزائر انڈمان و نکوبار میں گرج چمک، آسمانی بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اسی نوعیت کے موسمی حالات کل شمالی اندرونی کرناٹک اور تلنگانہ میں بھی برقرار رہیں گے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آئندہ دو دن کے دوران کہیں ہلکی بارش اور کہیں برفباری متوقع ہے۔ مزید برآں، محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ ملک کے شمال مغربی حصوں میں اگلے سات دنوں کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس تک اضافہ ہوگا۔x

## FIH Hockey

ہاکی میں بھارت نے مردوں کے FIH پرو لیگ 2025-26 کے ہوبارٹ مرحلے کا اختتام مثبت انداز میں کیا۔ اس نے آسٹریلیا کے خلاف شوٹ آؤٹ میں تین–ایک سے کامیابی حاصل کر کے بونس پوائنٹ حاصل کیا۔

شیلانند لاکرا نے 51ویں منٹ میں بھارت کیلئے گول کیا، جبکہ کپتان Jeremy Hayward نے 49 ویں منٹ میں آسٹریلیا کی طرف سے گول کیا۔ بعد میں پنالٹی شوٹ آؤٹ کے دوران شیلانند لاکرا، منیندر سنگھ اور وشنو کانت سنگھ نے کامیاب گول کیے، جبکہ نوجوان گول کیپر موہت Honnenahalli ششی کمار نے بھارت کیلئے اہم گول بچائے۔ x

## ICC Cricket

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں سُپر۔ 8مرحلے کے میچ میں نیوزی لینڈ نے سری لنکا کے سامنے جیت کیلئے 169رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اِس سے پہلے سری لنکا نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔نیوزی لینڈ نے مقررہ 20اوورز میں 7وکٹ پر 168رن بنائے۔ کپتان Mitchell Santner نے سب سے زیادہ 47رن بنائے۔اب سے کچھ دیر پہلے تک سری لنکا نے 6اوورز میں 2وکٹ پر 18رن بنا لئے تھے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆